# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamabadpolice.gov.pk | جمعرات 18 اپریل 2024 | Islamabad Police

| ٹیکنالوجی | | کرائم | | ٹریفک | | پکار-15 | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 55422 | کل مقدمات | 71 | جرمانے کے چالان | 1672 | ایمرجنسی کال | 4421 |
| ملازمین کا اندراج | 54323 | گرفتار ملزمان | 41 | سنگین خلاف ورزی | 615 | بوگس کال | 3856 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 20805 | یکسو چالان | 100 | مہلک حادثات | ---- | ایمرجنسی رسپانس | 282 |
| گمشدگی / برآمدہ | 05 | سٹاپ اینڈ سرچ | 4219 | ڈرائیونگ لائسنس | ---- | کم سے کم رسپانس ٹائم | 03 منٹ |
| جنرل ویریفکیشن | 94923 | اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران | 10 | لرننگ پرمٹ | ---- | زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | 20 منٹ |



## سی پی او/ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے تھانہ شالیمار میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

**کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے اور مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں قانونی کاروائی کرکے رپورٹ کرنے کی ہدایت دی۔**






شہزاد ندیم بخاری نے تھانہ شالیمار میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ڈی آئی جی آپریشنز نے شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے لئے بذریعہ فون متعلقہ افسران کو مارک شدہ درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں قانونی کاروائی کرکے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کئے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے کہ ہم شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے ساتھ ساتھ ان کی عزت نفس کا خیال رکھتے ہوئے تمام تر مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں، انہوں نے مزید کہا کہ پیشہ ور بھکاریوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے، رشوت یا بدعنوانی میں ملوث اہلکاروں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا اور زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی، انہوں نے پولیس افسران وجوان کو ہدایات دیں کہ مشکوک و مشتبہ موٹر سائیکلوں، گاڑیوں اور اشخاص کی موثر چیکنگ کریں اور شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائیں، کھلی کچہری میں آنیوالے شہری قابلِ عزت ہیں، کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد نا صرف لوگوں کا اعتماد حاصل کرنا ہے بلکہ شہریوں کے مسائل کو بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کے انعقاد سے خود احتسابی کو بھی یقینی بنایا جا سکے گا، شہریوں کے مسائل کا فوری حل اولین ترجیح ہے، ہر شہری کو مساوی حقوق حاصل ہیں، تمام درخواستوں پر میرٹ پر فیصلے کئے جائیں گے، شہریوں کی جان، مال اور عزت نفس کا تحفظ مقدم ہے۔

## ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کی ڈولفن سکواڈ کے افسران وجوانوں کو بریفنگ

**وفاقی دارلحکومت میں جرائم کی بیخ کنی کے لئے گشت کو موثر بنانے کے احکامات جاری کیے، پولیس افسران وجوان شہریوں کے ساتھ حسن اخلاق سے پیش آئیں، اپنی ڈیوٹی ایمانداری اور دیانتداری سے ادا کریں، کرپشن پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی، شکایت کی صورت میں سخت محکمانہ کاروائی ہوگی، ڈی آئی جی آپریشنز**





ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے ڈولفن سکواڈ کے افسران وجوانوں کو بریفنگ دی، اس موقع پر سینئر پولیس افسران بھی موجود تھے، انہوں نے ڈولفن سکواڈ میں تعینات افسران وجوانوں کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ وہ وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں جرائم کی بیخ کنی کے لئے گشت کو موثر بنائیں، اپنی ڈیوٹی ایمانداری اور دیانتداری سے ادا کریں، جہاں جرائم زیادہ سرزد ہوں وہاں پر اپنی پوزیشن رکھیں، جرائم پیشہ افراد کی گرفتاری پر آپ کی حوصلہ افزائی کی جائے گی، انہوں نے مزید کہا کہ کرپشن پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی، پولیس افسران و جوانوں کے خلاف شکایت کی صورت میں سخت محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی، ڈی آئی جی آپریشنز نے مزید کہا کہ تمام پولیس افسران و جوان جرائم کی روک تھام کے لئے اپنا کردار ادا کریں، ڈولفن سکواڈ کے قیام کا مقصد شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے، آپ ایسا کام کریں کہ محکمے کی نیک نامی ہو، ہم نے بدنامی کا باعث نہیں بننا بلکہ شہریوں کو تحفظ کا احساس دلانا ہے، شہریوں کے ساتھ حسن اخلاق سے پیش آئیں، انہوں نے پولیس افسران وجوانوں کو بتایا کہ واضح پالیسی ہے کہ آپ نے جرائم کنٹرول کرنا ہے، کسی جرم کی اطلاع پر ریسپانس وقت پر کرنا ہوگا، جب کال ہو فوری ریسپانس کیا جائے، بغیر نمبر پلیٹ موٹر سائیکل روکیں اور مشکوک افراد کی تلاشی کو یقینی بنائیں، شہریوں کے جان و مال کی حفاظت اور کرائم کنٹرول کرنا ہمارا اولین مقصد ہے، انہوں اس امید کا اظہار کیا کہ تمام جوان شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لئے اپنا اہم کردار ادا کریں گے اور اپنے ٹرن آؤٹ کو مثالی بناتے ہوئے محکمہ کا نام روشن کریں گے۔

**طلباء کے وفد کا ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری سے ملاقات، ملاقات میں طلباء کو اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں امن و امان کے قیام کے سلسلے میں جاری کارکردگی کے بارے میں بتایا گیا، عوام کو چاہیے کہ معاشرے کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کریں، گزشتہ ایک ماہ کے دوران جرائم کی بیخ کنی کیلئے نئی حکمت عملی اپنائی گئی ہے۔**

طلباء کے وفد نے ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری سے ملاقات کی، ملاقات میں طلباء کو اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں امن و امان کے قیام کے سلسلے میں جاری کارکردگی کے بارے میں بتایا گیا، اس موقع پر ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ عوام کو چاہیے کہ معاشرے کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کریں، جبکہ پولیس کو اپنے کام پر توجہ دینی چاہیے، گزشتہ ایک ماہ کے دوران جرائم کی بیخ کنی کیلئے نئی حکمت عملی اپنائی گئی ہے، اس سلسلے میں طلباء کو چاہیے کے وہ مثبت پہلوؤں کو اجاگر کرے، انہوں نے مزید کہا کہ شہری کہیں بھی جرم دیکھیں تو فوری پولیس کو رپورٹ کریں، عوام کی جان و مال کی حفاظت اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، شریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولت دینے کیلئے مزید بہتری پر کام جاری ہے، پولیس افسران و جوانوں کی ویلفیئر کیلئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں جبکہ مزید پر کام جاری ہے، انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ میں خود احتسابی کا عمل جاری جو بنیادی اہمیت کا حامل ہے جبکہ رشوت ستانی اور اختیارات سے تجاوز پر زیرو ٹالرینس پالیسی اپنائی جائے گی۔

# وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کاروائیاں جاری ہیں


**اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پانچ پیشہ ور بھکاریوں سمیت 20 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے مال مسروقہ، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران پانچ پیشہ ور بھکاریوں سمیت 20 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ آبپارہ پولیس نے ملزم عاطف کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 515 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ سمبل پولیس نے دوملزمان فرحان اور تیمور خان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے دو عدد تیس بور پستول برآمد کرلیے، تھانہ ترنول پولیس نے ملزم ساحل خان کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 1,200 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ شمس کالونی پولیس نے ملزم شکیل عباس کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ نون پولیس نے غیر قانونی طور پر پٹرول فروخت کرنے اور گیس سلنڈر بھرنے پر پانچ ملزمان امجد علی، عبدالخالق، احمد عمر، امیر خان اور محمد رضوان کو گرفتار کرلیا، تھانہ سہالہ پولیس نے دوملزمان علی رضا اور محمد ریاض کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے دو عدد تیس بور پستول برآمد کرلیے، تھانہ ہمک پولیس نے ملزم بنیا مین کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ بہارہ کہو پولیس نے ملزم عرفان کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 1,030 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے ملزم محمد اقبال کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کرکے مزید تفتیش شروع کر دی گئی، جبکہ پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری کے لیے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران پانچ پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات وشراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹھرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کارلارہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# تھانہ انڈسٹریل ایریا اور تھانہ شہزادٹاون پولیس ٹیموں نے راہزنی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہوں کے دوارکان کو گرفتار کرلیا

**گرفتار ملزمان کے قبضہ سے مسروقہ قیمتی موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں راہزنی اور چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ شہزادٹاؤن پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزم کی شناخت محمد اقبال کے نام سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزم نے تھانہ شہزاد ٹاؤن کے علاقوں میں وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے مسروقہ قیمتی موبائل فون برآمد کرلیے گئے، گرفتار ملزم کی شناخت محمد آصف کے نام سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزم نے تھانہ انڈسٹریل ایریا کے علاقوں میں وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام ترممکنہ اقدامات اٹھارہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور شہری کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار– 15" یا "آئی سی ٹی ایپ"-15 پر فوری اطلاع کریں۔




# اسلام آباد کیپیٹل پولیس ہائی سکیورٹی زون میں قومی اسمبلی اور پارلیمنٹ لاجز کی موثر سکیورٹی میں مصروف عمل ہے





اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی صورتحال کو یقینی بنانے کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے افسران و جوان ہائی سکیورٹی زون میں دوران قومی اسمبلی اجلاس اور پارلیمنٹ لاجز میں موثر سکیورٹی کے انتظامات کو یقینی بنا رہے ہیں، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر مامور افسران وجوانوں کو ہدایات دی کہ قومی اسمبلی اور پارلیمنٹ لاجز کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے، تمام افسران و جوان امن و امان کی صورتحال کو یقینی بنانے کے لئے پوری تندہی سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دیں، دوران ڈیوٹی کسی قسم کی غفلت و لاپرواہی نہ برتی جائے، امن و امان کے دوران یا کسی بھی ناخوشگوار واقع رونما ہونے کی صورت میں ہر وقت تیار رہیں، موجودہ حالات کے پیش نظر اہم سرکاری عمارات اور دفاتر کی سکیورٹی کو مزید موثر بنانا اسلام آباد کیپٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اسلام آباد کیپٹل پولیس عوام الناس کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام ترممکنہ اقدامات اٹھارہی ہے، کسی کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں "پکار– 15" یا" آئی سی ٹی ایپ"-15 پر اطلاع کریں۔

## قتل ودیگر سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری

اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے سنگین جرائم میں ملوث 10 اشتہاری مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی، سینئر پولیس افسران نے کہا کہ اشتہاری اور عدالتی مفروران کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے مجرمان کو گرفتار کرکے قانون کے کٹھرے میں لایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اس میں کسی قسم کی غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام پولیس افسران تلاشی اور جانچ پڑتال کو مزید موثر بنائیں اور جرائم کی بیخ کنی کے لئے تمام تر ضروری اقدامات کرتے ہوئے جرائم پیشہ مجرمان اور مقدمات میں نامزد ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کریں اور انکو گرفتار کرکے جلد مقدمات کو یکسو کریں، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کارلارہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار–"15 یا" آئی سی ٹی ایپ "-15 پر فوری اطلاع دیں۔

## گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران "پکار-15" پر 04ہزار 421 کالز موصول ہوئیں، جن میں 03ہزار 856 غیر متعلقہ کالز تھیں

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار– 15" وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں شہریوں کو بر وقت خدمات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کررہی ہے، "پکار– 15"ایک ایمرجنسی ہیلپ لائن ہے جس سے کسی بھی وقت پولیس کی فوری مدد حاصل کی جاسکتی ہے، سیف سٹی میں "پکار–15" کال سینٹر موجود ہے جس میں روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں کالز موصول ہوتی ہیں اور کال کی نوعیت کے مطابق شہریوں کی مدد کی جاتی ہے، ان میں پولیس، فائر بریگیڈ، ایمبولینس سہولت شامل ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران " پکار-15" ہیلپ لائن پر 04ہزار 421 کالز موصول ہوئیں، جن میں سے 03ہزار 856 غیر متعلقہ کالز تھیں جو کہ کل کالز کا 87% فیصد ہے پولیس کی فوری مدد کے لئے 282 کیسز رجسٹرڈ کیے گئے جن میں مختلف نوعیت کی کالز اور اطلاع تھی جن پر بروقت ایمرجنسی دستوں کو بھیجا گیا، 87% فیصد جھوٹی اور غیر ضروری کالز سے نہ صرف پولیس کا وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ ایمرجنسی میں کسی کی مدد میں تاخیر کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے جو جان لیوا ثابت ہوسکتا ہے، شہریوں سے گزارش ہے کہ "پکار–15" ہیلپ لائن آپ کی سہولت کے لیے ہے اور اس کا صحیح استعمال بھی آپ کی ذمہ داری ہے، ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں اور ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کریں جو جھوٹی اطلاع یا کال کرکے پولیس کا وقت ضائع کرتے ہیں۔

# ٹریفک رضا کار شہید ذوالفقار علی بھٹو انسٹیٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے طلباء کے وفد کا سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ

**وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، جدید تکنیک کے حامل کیمروں اور پولیس آپریشنز سنٹر ہال کا دورہ کروایا گیا اور اس کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں بھی مکمل آگاہ کیا**









ڈی آئی جی سیف سٹی/ٹریفک کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل سیف سٹی نے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے ٹریفک رضا کار شہید ذوالفقار علی بھٹو انسٹیٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے طلباء کے وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ کروایا، وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، جدید تکنیک کے حامل کیمروں اور پولیس آپریشنز سنٹر ہال کا دورہ کروایا گیا اوران کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں بھی مکمل آگاہ کیا، وفد کو بتایا گیا کہ سیف سٹی اسلام آباد جدید تکنیکی منصوبے کے ذریعے مختلف شعبہ جات میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، جس میں پولیس آپریشنز سنٹر، ایمرجنسی کنٹرول سنٹر، ڈیٹا ہب یونٹ، ڈسپیچ کنٹرول سنٹر، ای چالان سسٹم اور "پکار" -15 ہیلپ لائن جیسے اقدام شامل ہیں، وفد کو شہر میں سیف سٹی کیمروں کی کارکردگی اور افادیت کے بارے میں بتایا گیا کہ سیف سٹی کے جدید تکنیک کے حامل کیمرے شہر کی سلامتی، جرائم کے سدِ باب اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، جرائم کا 42 فیصد سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر سے حل کیا جاتا ہے، شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر چہروں کی شناخت کرنے والے کیمرے لگائے گئے ہیں جو مشکوک عناصر کی نشاندہی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، وفد نے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے جدید تکنیکی نظام اور اس کی افادیت کو سراہا اور اس کامیاب دورے پر ڈی آئی جی سیف سٹی/ٹریفک اوران کی ٹیم کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا۔

# اسلام آباد میں گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کے لئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے

**تھانہ کھنہ کی حدود میں 326 گھروں کے 169 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا گیا، مہم میں اسلام آباد پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی و محلوں میں جا کر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے اندراج کو یقینی بنا رہی ہیں، تاکہ شہر میں امن و امان کی فضاء کو برقرار رکھتے ہوئے کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جا سکے**



ایس ایس پی انسداد دہشتگر دی ڈیپارٹمنٹ کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے، اس مہم کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی و محلوں میں جا کر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج کو یقینی بنا رہی ہیں، اس سلسلے میں انسداد دہشتگر دی ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد نے تھانہ کھنہ کے علاقے میں 326 گھروں کے 169 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا، ایس ایس پی سی ٹی ڈی نے کہا کہ اس مہم کا مقصد وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں امن و امان کی فضاء کو برقرار رکھنا ہے تا کہ کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جا سکے، انہوں نے مزید کہا کہ کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج سے نا صرف شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جا سکتی ہے بلکہ کسی بھی قسم کی مشکوک سرگرمی میں ملوث عناصر کو غیر قانونی سر گرمیوں سے روکا جا سکتا ہے، اندراج نہ کروانے کی صورت میں کوئی بھی شر پسند عناصر عام شہری کا روپ ڈھال کر چوری اور ڈکیتی جیسی سنگین وارداتوں میں ملوث ہو کر نقصان پہنچا سکتا ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے وفاقی دارلحکومت کے شہریوں کو ایک محفوظ ترین ماحول فراہم کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

## سیف سٹی ای چالان سسٹم ٹریفک قوانین کے نفاذ میں موثر کردار ادا کر رہا ہے

جس سے مہلک حادثات اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 96 ای چالان ٹکٹس جاری، اب تک کل 02 لاکھ 64 ہزار سے زائد ای چالان ٹکٹس جاری کئے جا چکے ہیں، شہری ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنائیں، تا کہ حادثات میں روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے بین الاقوامی معیار کے مطابق وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں ای چالان سسٹم کے تحت ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 96 ای چالان ٹکٹس جاری کیے ہیں، اب تک ٹریفک قوانین کی مختلف خلاف ورزیوں پر کل 02 لاکھ 64 ہزار 616 ای چالان ٹکٹس جاری کیے جا چکے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے قانون شکنوں کیخلاف ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ سے لنک ڈیٹا بیس کی مدد سے خصوصی قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جا رہی ہے، جس کے تحت قانون شکنوں کو ان کے موبائل نمبرز پر ای چالان ٹکٹ کا پیغام ارسال کیا جاتا ہے، ای چالان سسٹم کی موثر حکمت عملی کی وجہ سے مہلک حادثات اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، جاری شدہ چالان ٹکٹس گاڑی اور موٹر سائیکل مالکان کے گھر بھی ارسال کئے جا رہے ہیں، جرمانے کی رقم مقررہ وقت پر ادا نہ کرنے پر چالان کی کاپی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس میں گاڑی کی ماسٹر فائل میں چسپاں کی جا رہی ہے اور اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے کہ چالان کے بقایا جات کو ادا نہ کرنے والے گاڑی مالکان جب تک جرمانے کی رقم ادا نہیں کرتے اس وقت تک گاڑی یا موٹر سائیکل کسی دوسرے شخص کے نام منتقل نہیں کیا جا سکے گا جبکہ جرمانے کی رقم ادا کرنے کے لئے شہریوں کیلئے آسانیاں پیدا کرتے ہوئے مختلف موبائل اور بینک اکاؤنٹس کی سہولت فراہم کی گئی ہے، سینئر پولیس افسران نے کہا کہ سیف سٹی ای چالان سسٹم سے خاطر خواہ نتائج حاصل ہو رہے ہیں اور ای چالان سسٹم کے تحت بہترین مانیٹرنگ کے باعث مہلک حادثات اور دیگر قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، انہوں نے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیف سٹی کے کیمروں کے ذریعے کئے جانے والے چالان کے جدید نظام کو مزید بہتر اور موثر بنایا جا رہا ہے اس نظام کا مقصد جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے حادثات کی روک تھام کو یقینی بناتے ہوئے ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنانا ہے۔

Tarjuman
# The Capital Police Islamabad
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police

Islamabad Police | THURSDAY APRIL 18, 2024 | Islamabadpolice.gov.pk



## PUCAR -15

| | |
|---|---|
| Emergency Call | 4421 |
| Hoax Call | 3856 |
| Emergency Response | 282 |
| Minimum Response Time | 03 Min |
| Maximum Response Time | 20 Min |

## TRAFFIC

| | |
|---|---|
| Traffic Fine Ticket | 1672 |
| Major Violation | 615 |
| Fatal Accident | ---- |
| Driving License | ---- |
| Learner Permit | ---- |

## CRIME

| | |
|---|---|
| Total Crime Registered | 71 |
| Accused Arrested | 41 |
| Challan Submitted in Court | 100 |
| Stop & Search | 4219 |
| P.O / C.O Arrested | 10 |

## TECHNOLOGY

| | |
|---|---|
| Tenant Registration | 55422 |
| Employee Registration | 54323 |
| Vehicle Verification | 20805 |
| Lost & Found Reports | 05 |
| General Verification | 94923 |

# Islamabad Police committed to resolve public issues on priority; says DIG Operations

The DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari said that, the Islamabad Capital Police is committed to resolve public issues on priority. He said that while listening to the complaints and issues of public as well as police officials during the khuli kacheri held at Shalimar police station. Senior police officers were also present on this occasion. During the khuli kacheri, he listened to the grievances of the citizens and marked their applications to the concerned officers for timely action on merit. He also directed them to send reports to his offices in the given time frame. He further said that actions against professional beggars and their facilitators should be accelerated. Strict action will be taken against officials involved in bribery or corruption and a zero tolerance policy will be adopted in this regard. He directed the police officers and officials to do effective checking of suspicious motorcycles, vehicles and persons and to use all available resources to solve the problems of the citizens. DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, emphasized that Islamabad Capital police would not leave any stone unturned to secure the lives and property of the citizens. "Such interaction would be continued in future to provide maximum relief to the citizens" he added. He said that interaction during `Khuli kacheries' would help to promote friendly policing and will also ensure self-accountability, immediate resolution of citizens' problems. The protection of life, property and self-respect of citizens comes first, he maintained.






# DIG Operations orders Dolphin Squad officials to perform their duty efficiently

The Deputy Inspector General of Police (DIG) Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari, gave a briefing to the Dolphin Squad officers and officials and directed them to perform their duties efficiently, a public relations officer said. He said that, the DIG Operations Syed Shehzad Nadeem emphasized the need to make patrols more effective in combating crimes in Islamabad, particularly by positioning themselves strategically in areas with higher crime rates. During the briefing, the DIG Operations said that officials will be appreciated for performing good duties and performing their role in apprehension of criminals, while a strict zero-tolerance policy against corruption within the police force will be continued. Furthermore, the DIG Operations reiterated the importance of all police officers and officials in the prevention and control of crimes, emphasizing their role in ensuring the safety of lives and property of the citizens. The formation of the Dolphin Squad aims to instill confidence in citizens regarding their safety, not tarnish the department's reputation. It's essential for officers to exhibit good conduct and adhere to clear policies aimed at crime control, he added. Officers were reminded of their duty to respond promptly to reports of crimes and to conduct searches for suspicious individuals or vehicles without license plates. He further said that protecting the lives and property of citizens remains the top priority of the Islamabad Capital Police. He expressed the hope that all officers and officials would play a vital role in ensuring the safety of citizens and enhancing the department's reputation by making their turnout exemplary.





# Students delegation meets DIG Operations

The students' delegation met with the DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari. The students were informed about the professional capabilities of Islamabad Capital Police and the ongoing efforts to maintain peace and order in the federal capital. During the meeting, the DIG Operations emphasized the public's responsibility to contribute to the betterment of society while urging the police to focus on their duties. He said that, a new strategy has been implemented in the past month to combat crime, and students are encouraged to highlight the positive aspects as well. He further said that if citizens witness any crime, they should immediately report it to the police. The safety of the lives and property of the public is a top priority for Islamabad Capital Police. Continuous work is underway to enhance facilities for citizens. Several initiatives have been taken for the welfare of police officers and personnel, with more in progress, he added. At the end, he also said that self-accountability is ongoing within the department, which is of fundamental importance. While a zero tolerance policy will be adopted on bribery and excessive use of authority.

# Traffic volunteer students of SZABIST University visits Safe City Islamabad



According to the details, following the special directives of the CPO Safe City/Traffic, the Deputy Director Technical welcomed the delegation of Islamabad Capital Police traffic volunteer students of SZABIST at Safe City Islamabad, a public relations officer said. He said that, the delegation visits the command and control center, the data hub unit, modern technology-equipped cameras, and the police operations center hall. They were fully briefed about the procedures and advantages of this project. Furthermore, the student delegation was informed that Safe City Islamabad is playing a significant role in various departments through modern techniques, including the Police Operations Center, Emergency Control Center, Data Hub Unit, Dispatch Control Center, E-Challan System, and the "Pucar-15" helpline. The delegation was also apprised of the functionality and benefits of the Safe City cameras in the city. The modern cameras of Safe City are playing a crucial role in ensuring the safety of the city, preventing crimes and safeguarding the lives and property of citizens. 42% of crimes are resolved through the Safe City Command and Control Center. Face recognition cameras have been installed at the entry and exit points of the city which are playing an important role in identifying suspicious elements, he maintained. The delegation acknowledged the modern technical system of the Islamabad Capital Police and its benefits. The delegation expressed special gratitude to CPO Safe City/Traffic and his team for this successful visit.

# Two members of criminal gangs held; mobile phones and weapons recovered




Islamabad Capital Police Industrial Area and Shahzad Town police teams arrested two wanted members of a snatcher and thief gang involved in numerous snatching and theft activities and recovered stolen mobile phones and weapons used in crime from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Shahzad Town police team used technical and human resources and succeeded in apprehending a wanted member of a snatcher gang involved in numerous snatching activities. The accused was identified as Muhammad Iqbal. Police team also recovered weapons used in crime from his possession. Similarly, the Industrial Area police team used technical and human resources and succeeded in apprehending a wanted member of a thief gang involved in numerous theft activities. The accused was identified as Muhammad Asif. Police team also recovered a stolen mobile phone from his possession. Cases were registered against the nabbed accused and further investigation is underway. DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari directed all senior officials for effective crackdown against the accused involved in criminal activities and ensured the safety of lives and property of citizens on priority basis.

# 12 absconders involved in heinous crime held

Islamabad Capital Police have arrested 12 absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hour, a public relations officer said. He said that, following the special directions of DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the special tasks were assigned to all senior police officials to ensure the arrest of proclaimed offenders and absconders involved in heinous crimes. During the crackdown, the Islamabad Capital police teams have arrested 12 absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hours. Islamabad Capital Police is taking all possible steps to eradicate the crime from the city and those involved in heinous crimes and illegal activities will be dealt with iron hands. Safety to the lives and property of the citizens is the foremost priority of Islamabad Capital Police, he added.

## 20 outlaws arrested; drugs and weapons recovered

Islamabad Capital Police apprehended 20 outlaws including five professional baggers from different areas of the city during the last 24 hours and recovered drugs and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Aabpara police team arrested an accused namely Atif and recovered 515 gram hashish from his possession. The Sumbal police team arrested two accused namely Farhan and Taimur Khan and recovered two 30 bore pistol from his possession. Likewise, the Tarnol police team arrested an accused namely Sahil Khan and recovered 1200 gram hashish from his possession. The Shams Colony police team arrested an accused namely Shakeel Abbas and recovered one 30 bore pistol from his possession. Similarly, the Noon police team arrested five accused namely Amjad Ali, Abdul Khaliq, Ahmed Umer, Ameer Khan and Muhammad Rizwan involved in illegally refilling gas cylinders and petrol selling. The Sihala police team arrested two accused namely Ali Raza and Muhammad Riaz and recovered two 30 bore pistols with ammunition from their possession. Moreover, the Humak police team arrested an accused namely Binyamin and recovered one 30 bore pistol with ammunition from his possession. The Bhara Kahu police team arrested an accused namely Irfan and recovered 1030 gram hashish from his possession. Furthermore, the Shahzad Town police team arrested an accused namely Muhammad Iqbal and recovered one 30 bore pistol from his possession. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. During the ongoing crackdown against professional beggars, the Islamabad Capital Police arrested five professional baggers and registered cases against them under the beggar act. DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements. "Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard", he maintained.

# Campaign for registration of house servants and tenants data in full swing



According to details, the Islamabad Capital Police "Knock the Door" campaign for the registration of employees and tenants is in full swing, a public relations officer said. He said that, during this campaign various teams of Islamabad Capital Police are going to the streets and door-to-door to ensure the registration of tenants and domestic workers as well as to inquire about the problems faced by the citizens. In this regard, the Counter Terrorism Department (CTD) Islamabad has registered a data of 169 house servants of 326 houses from Khanna Police Station jurisdiction. The purpose of this campaign is to avoid any untoward incident by maintaining law and order in the federal capital adding that the registration of tenants and domestic workers could not only keep a close watch on miscreants but also prevent the elements involved in any kind of suspicious activity. Citizens are also requested that they can ask for the identity of a person if someone dressed in civil clothes comes to their house in order to collect the data. Unregistered employees and tenants could be involved in serious incidents like theft and robbery by impersonating as a common citizen and Islamabad Capital Police is trying to provide a safe environment to the citizens of the federal capital by using all its resources.

# Security of Parliament House and Lodges tightened during sessions





The Islamabad Capital Police is constantly engaged to ensure effective security arrangements at National Assembly and Parliament Lodges during the days of sessions. According to the details, following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer, the Islamabad Capital Police is always engaged in ensuring the peace and order situation in the federal capital, a public relations officer said. He said that the Islamabad Capital Police is ensuring effective security arrangements at National Assembly and Parliament Lodges, located in the High Security Zone. The senior police officers directed the officers and officials to ensure the security of important government offices, and superior courts, located in the high-security zone. They further directed them to perform their duties with utmost dedication to uphold peace and security, with no room for negligence or complacency during duty hours. Islamabad Capital Police is taking all possible measures to protect the life and property of the citizens, no one is allowed to disturb the peace of the people. Citizens are also requested to cooperate with the police and report any suspicious object or activity to their respective police station, dial Pucar-15 or at ICT-15 app.

# Pucar-15 helpline received 3,856 irrelevant calls during the last 24 hours

Islamabad capital police emergency helpline "Pucar-15" received 4,421 phone calls during the last 24 hours and provided immediate assistance on various help seeking calls including police, fire brigade, ambulance and other services, a public relations officer said. He said that 4,421 calls were received at the emergency helpline "Pucar-15" out of which 3,856 calls were hoax and irrelevant to police which make up 87% of all calls. Senior police officers took notice of hoax calls on the police emergency helpline and directed the senior officers to take stern legal action against those involved in such activities. "If anyone tries to waste the time of the police by making fake calls or passing derogatory remarks to the personnel will be dealt with iron hands," he maintained. They urged the masses to approach police only in emergency situations as some genuine cases needing police attention may be neglected because of the time consumed by hoax calls.

# Social Media Corner Islamabad Police







